SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Monday, August 24, 1998

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at fifty five minutes after five in the evening with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہ قِیٰمًا وَ قُعُوْدًا وَ عَلٰی جُنُوْبِھِمْ وَ یَتَفَکَّرُوْنَ

فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ ھٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَکَ

فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ O رَبَّنَا اِنَّکَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَیْتَہٗ وَمَا

لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ اَنْصَارٍ O رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِیًا یُّنَادِیْ لِلْاِیْمَانِ اَنْ

اٰمِنُوْا بِرَبِّکُمْ فَاٰمَنَّا رَبَّنَا فَاغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا وَ کَفِّرْ عَنَّا سَیِّاٰتِنَا وَ تَوَفَّنَا

مَعَ الْاَبْرَارِ O رَبَّنَا وَ اٰتِنَا مَا وَ عَدْتَّنَا عَلٰی رُسُلِکَ وَلَا تُخْزِنَا

یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ O

(سورۃ آل عمران آیات 191 تا 194)

ترجمہ: جو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے ہر حال میں اللہ کو یاد کرتے ہیں اور آسمان اور زمین کی

پیدائش میں غور کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اے پروردگار تو نے اس مخلوق کو بے فائدہ نہیں پیدا کیا۔ تو پاک ہے۔ تو قیامت کے دن ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچائیو ۔ اے پروردگار جس کو تو نے دوزخ میں ڈالا اسے رسوا کیا اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ۔ اے پروردگار ہم نے ایک ندا کرنے والے کو سنا کہ ایمان کے لئے پکار رہا تھا یعنی اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لے آئے۔ اے پروردگار ہمارے گناہ معاف فرما۔ اور ہماری برائیوں کو ہم سے محو کرا اور ہم کو دنیا سے نیک بندوں کے ساتھ اٹھا۔ اے پروردگار تو نے جن جن چیزوں کے ہم سے اپنے پیغمبروں کے ذریعے سے وعدے کئے ہیں وہ ہمیں عطا فرما اور قیامت کے دن ہمیں رسوا نہ کیجیئو کچھ شک نہیں کہ تو خلاف وعدہ نہیں کرتا ۔

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین۔ جزاک اللہ ' Leave Applications میجر مختار احمد خان صاحب نے ناسازی طبع کی بنا پر مورخہ ۲۴ تا ۲۵ اگست کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین۔ مولوی سید امیر خان نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۲۴ تا ۲۶ اگست کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین۔ میر نبی بخش ڈڈکی صاحب نے علالت کی بنا پر حالیہ مکمل اجلاس کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین۔ قاضی محمد انور صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۲۴ تا ۲۷ اگست کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین۔ جناب فاروق احمد خان صاحب نے ذاتی وجوہات کی بنا پر مورخہ ۲۴ اور ۲۵ اگست کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین۔ مشاہد حسین صاحب نے اطلاع دی ہے کہ وہ سرکاری دورے پر سعودی عرب میں ہیں اس لئے وہ اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔ جی جناب مسعود کوثر صاحب۔

سید مسعود کوثر۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر ہے۔ آپ پہلے لے لیں یا بعد میں لیں گے۔

جناب چیئرمین۔ آپ کا ایک پریولیج موشن بھی ہے۔ پہلے اقبال حیدر صاحب کی پریولج موشن لے لیتے ہیں۔ پھر اس کے بعد آپ کا۔

سید مسعود کوثر۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر پھر بعد میں لے لیجئے گا۔

Mr. Chairman: Yes, please Iqbal Haider Sahib.

Syed Iqbal Haider: Thank you Mr. Chairman, Sir. With your permission, Sir, I humbly seek leave of this House to raise a question involving breach of privilege of a member of the Senate as well as of this honourable House. On 25th of July, 1998, officials of FIA as well as the police and the local administration of Islamabad raided the house of Mr. Islamuddin Sheikh, Senator belonging to PML, Functional Pagara Group, and arrested Senator Sheikh who was bed ridden at that time and recovering from the heart attack he had suffered on 12th July and since then he was being treated in the Intensive Care Unit of PIMS at Islamabad. Only couple of days before his arrest he had shifted from the hosptial to his residence but remained under constant medical supervision and treatment. The police and FIA officials realizing the precarious condition of Senator Sheikh, brought him to PIMS after arresting him where he suffered

another heart attack and though Senator Sheikh is still admitted in the Intensive Care Unit. When I had moved this motion, he was admitted in the Intensive Care Unit. Now he has been shifted to the private ward but the authorities are capable of shifting him to any interrogation cell or in the prison. Senator Islamuddin Sheikh has been implicated in an old case of 1991 on false and baseless charges. He is being prosecuted in the Special Banking Court at Karachi purely with mala fide motive to coerce him in supporting the ruling party on all occasions. The Government is in dire need of support of more and more members to achieve, at least required simple majority in the Senate. The unlawful arrest and victimization of Senator Islamuddin Sheikh has conveyed an alarming message that members of the Senate may suffer further vitimization and harrassment if they will express their opinion and views freely which may be against the interest of the ruling party.

The aforesaid incident clearly constitutes not only breach of privilege of a member but also of the entire House and it is of utmost public importance as well as in the interest of democratic institutions. Hence this privilege motion may kindly be admitted and referred to the Committeee.

جناب چیئرمین۔جی چوہدری صاحب ، آپ نے دیکھا بھی ہے یا نہیں؟

چوہدری شجاعت حسین۔ جی نہیں دیکھا ہے۔

جناب چیئرمین۔ پھر ٹھیک ہے آپ اپنے دلائل دے دیں کہ یہ کس طرح پریولج موشن بنتا ہے۔ کل وہ پھر اس کا جواب دے دیں گے۔

سید اقبال حیدر۔جناب چیئرمین ! جہاں تک پریولج موشن کا تعلق ہے تو اس کی بنیاد صرف یہ ہے کہ اسلام الدین شیخ صاحب کا تعلق پاکستان مسلم لیگ فنکشنل گروپ سے ہے اور وہ اپنی پارٹی کی نمائندگی ایوان میں کرتے ہیں ۔ اور ان کے خلاف loan default کے کیس

میں جہاں عام طور پر civil proceedings ہوتی ہیں جان بوجھ کر criminal charge صرف اس لئے بنایا گیا ہے کہ وہ بہت سے موقعوں پر حکومت کی پارٹی کی رائے کے مطابق اپنی رائے کا اظہار نہیں کرتے تھے ۔

جناب چیئرمین-اس کی آپ کوئی مثال دے سکتے ہیں ۔

سید اقبال حیدر-جی بہت سے موقعوں پر ، جب عدالتوں کے ساتھ محاذ آرائی چل رہی تھی ، جب ہمارا سیشن ڈیڑھ دو مہینے چلا تھا تو اس وقت بھی ان کی رائے حکومتی رائے کے ساتھ نہیں تھی ۔ اور بھی مختلف موقعوں پر ایسا کیا تھا ---

جناب چیئرمین-آپ نے حکومت کی حمایت کی تھی ؟

سید اقبال حیدر-نہیں ۔

جناب چیئرمین-لیکن آپ کو تو نہیں پکڑا ۔

سید اقبال حیدر-جناب ان کا تعلق مسلم لیگ سے ہے ۔ مسلم لیگ کو یہ لوگ زیادہ برداشت نہیں کرتے ۔ کیونکہ وہ اپنوں میں سے ہیں ، کہ یہ مسلم لیگی ہوکر مخالفت کرتا ہے ۔ پھر دوسری بات ایک اور بھی mala fide motive جو ان کا ہے وہ صرف اس سے عیاں ہے کہ جب اسلام الدین شیخ صاحب کو گرفتار کیا گیا تو اخبارات نے بین الاقوامی اور ملکی سطح پر بھی یہ تاثر دینے کی کوشش کی کہ حکومت مسلم لیگی سینیٹر کو بھی گرفتار کرنے سے نہیں جھجکی۔ وہ defaulter ہے۔ جبکہ اصل حقیقت یہ ہے کہ وہ حکومتی مسلم لیگ کا رکن نہیں ہے بلکہ فنکشنل مسلم لیگ کا رکن ہے جو کہ موجودہ حکومتی جماعت کی مخالفت کرتی ہے ۔ تو یہ تاثر بھی انہوں نے دینے کی کوشش کی کہ جی مسلم لیگ کے سینیٹر کو بھی گرفتار کیا گیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ڈیفالٹ کرنے والے ، بارہ بارہ سو کروڑ روپے جنہوں نے کیا ہے ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہو رہی کیونکہ وہ حکومت کے منظور نظر ہیں ۔ بلکہ وہ خود حکومت ہیں۔ خود وزیر اعظم ہیں ۔ ان کا خاندان پورا ڈیفالٹر ہے۔ پورے پاکستان میں انہیں ایک اسلام الدین شیخ ملا، یہ ہی ایک ملا جبکہ اتنے سارے ہیں ۔ تو یہ جو امتیازی سلوک ہے یہ تو مکمل بددیانتی ہے اور اس کا بنیادی مقصد ہی یہ ہے کہ victimize کیا جائے ہر کسی کو، جو ان کو oppose کرے۔ جناب چیئرمین ، یہی میرے دلائل ہیں۔

جناب چیئرمین۔چوہدری صاحب آپ اس کیس کو examine کرکے کل جواب دے دیں۔

چوہدری شجاعت حسین :جناب والا، جو دو دلائل دیئے گئے ہیں ان کا جواب میں ضرور دینا چاہتا ہوں ۔

سید اقبال حیدر۔نہیں جناب ' partly نہیں ۔ پھر آپ اس کو admit کرلیں ۔

چوہدری شجاعت حسین :انہوں نے کہا ہے کہ انہوں نے کبھی حق میں بات نہیں کی تھی ۔ میں کہتا ہوں کہ کبھی مخالفت میں بھی نہیں کی تھی ۔

دوسری بات انہوں نے وزیر اعظم کے متعلق کی ہے ۔ وہ میں وضاحت کے ساتھ کہنا چاہوں گا اور بارہا کہا جا چکا ہے ' ہر جگہ کہا جا چکا ہے ' وزیر اعظم اور ان کی فیملی کی کوئی بھی فرم defaulter نہیں ہے ۔ اگر کسی جگہ ہے تو ظاہر ہے کہ آجکل دس روپے دیں تو پرچے نکل آتے ہیں، وہ لے کر سینٹ میں آجائیں ۔ ہم یہاں پر حاضر ہیں اس کا جواب یہاں پر دیں گے۔

سید اقبال حیدر۔جناب اسلام الدین شیخ صاحب کی ایک proposal ہے کہ جس طریقہ سے وزیر اعظم نے اپنے قرضوں کا بنکوں کو واپسی کا طریقہ کار اپنایا ہے ' اسی طریقہ کار سے مجھے بھی موقع دیا جائے ۔

جناب چیئرمین۔چوہدری صاحب ' اس کو تفصیل سے دیکھ لیں اور کل جواب دے دیں۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔جناب چیئرمین' جہاںتک پریویلج موشنز کا تعلق ہے۔ پرانے وقت میں یا قانون اور پارلیمانی روایات میں پریویلج موشن ایک بہت ہی sacrosant چیز ہے اور پریویلج موشن جس روز دیا جائے اسی روز ہمیشہ ایجنڈے پر آیا کرتا تھا۔ اگر چلتے ہوئے ہاؤس میں بھی breach of privilege آ جائے تو کارروائی روک کر اس پر کارروائی کو preference دی جاتی تھی ۔ میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارے ہاں رواج نہیں رہا کہ ہم Adjournment Motions دیں' اس لئے کہ پوائنٹ آف آرڈرز پر یہ بات چل نکلتی ہے وگرنہ ایڈجرنمنٹ موشنز کا طریقہ کار یہ تھا کہ' میاں صاحب بیٹھے ہیں' اگر اجلاس آٹھ بجے شروع ہوتا تھا تو ایک گھنٹہ پہلے یعنی سات بجے ممبر نوٹس دیتا تھا۔ پھر ٹرانسلیشن برانچ میں جاتا تھا ٹرانسلیٹ ہوتا تھا ' ڈسٹریبیوٹ ہوتا تھا۔ منسٹر صاحب کو جاتاتھا' سپیکر کو جاتا تھا اس کے بعد جناب والا! وہ سپرنٹنڈنٹ کے پاس 'اسسٹنٹ

سیکرٹری کے پاس ، سیکرٹری کے پاس ،یعنی سپیکر کے داخل ہونے سے پہلے وہ فائل سپیکر کو بھی پہنچ جاتی تھی wet ہوکر ، خواہ دس ایڈجرنمنٹ موشنز آئیں۔ تو میں عرض کروں گا کہ جناب والا! میری ایک تجویز ہے کہ یہ پریویلج موشنز اور ایڈجرنمنٹ موشنز جو ہیں یہ جس روز دیئے جائیں اسی روز discuss ہوں تاکہ ہمیں بھی یہ عادت پڑے کہ اگر بہت ہی اہم مسئلہ ہم اٹھانا چاہتے ہیں تو ہم ایک گھنٹہ پہلے موشن دیں۔ اپنے مراحل طے کر کے وقفہ سوالات کے بعد ایڈجرنمنٹ موشن بھی آ جائے۔ اور پریویلج موشنز کو تو بہر حال جناب ایڈجرنمنٹ موشنز پر بھی فوقیت ہے لیکن اس کو جہاں تک examine کرنے کا تعلق ہے میں آپ سے یہ عرض کروں گا کہ وہ پارلیمانی روایات کے مطابق اسی ایک گھنٹے میں سینٹ سیکرٹریٹ میں examine ہو جاتی تھی اور اسی روز سینٹ سیکرٹریٹ یا اسمبلی میں وہ آ جاتی تھی اس لئے کہ جناب ایڈجرنمنٹ موشن اگر کوئی ممبر موو کرتا ہے تو اس کی افادیت اگلے روز ختم ہو جاتی ہے۔ قانون تو یہ ہے۔

جناب چیئرمین۔ میرے خیال میں بھنڈر صاحب آپ کی بات صحیح ہے اگر واقعی کوئی ایسا معاملہ ہو جس میں فوری ایکشن کی ضرورت ہے تو فوراً ٹیک اپ کر لیا جائے گا' یہ واقعات پر depend کرتا ہے' جی جناب مولانا فضل محمد آپ کا ہے پریویلج موشن ۔ جی جناب مولانا صاحب۔

PRIVILEGE MOTION

Re: ISSUANCE OF LEGAL NOTICE FOR ASKING QUESTION IN THE SENATE.

جناب حافظ فضل محمد۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ تحریک استحقاق۔ جناب میں Privilege Motion move کرتا ہوں کہ درج ذیل واقعہ سے میرا اور اس ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ جناب عالی! مجھے عبدالرشید مروت ایڈوکیٹ پشاور کی طرف سے ایک لیگل نوٹس موصول ہوا ہے جس میں انہوں نے لکھا ہے کہ میں نے سینٹ میں کچھ ایسے سوالات پوچھے ہیں جو کہ اس کے موکل مسمی حسین احمد خان EXEN واپڈا (کرک) صوبہ سرحد کے خلاف ہیں ' مجھ پر یہ بھی الزام لگایا ہے کہ میں ذاتیات پر اتر آیا ہوں اور میرے سوالات سے ان کے موکل کی شہرت اور ملازمت کو نقصان پہنچا ہے۔ مزید الزام لگایا گیا ہے کہ میں نے یہ سوالات سینٹ کے کسی ملازم کے کہنے

پر کیے ہیں اور سینٹ کے ملازم کو بھی اس سلسلے میں دس لاکھ روپے کے ہرجانے کا نوٹس موصول ہوا ہے۔ وکیل موصوف نے مجھے ایک ہفتہ کے اندر اندر جواب دینے کا کہا ہے 'جناب عالی! میں بحیثیت رکن سینٹ قواعد میں دی گئی حدود میں رہتے ہوئے سوالات پوچھتا ہوں اور پوچھ سکتا ہوں میں نے نہ کوئی ذاتی سوال پوچھا اور نہ ہی میری کوئی ایسی بات تھی بلکہ سوالات کو سینٹ میں قواعد کے تحت پرکھا جاتا ہے۔ جناب والا! سوالات پوچھنا میرا قانونی اور آئینی حق ہے یہ میرا استحقاق ہے مذکورہ EXEN نے مجھے نوٹس دلوا کر میری توہین کی ہے اور مجھے میرے حق سے دھمکی آمیز طریقے سے روکنے کی کوشش کی ہے اس سے نہ صرف میرا بلکہ پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے لہذا گزارش ہے کہ میری اس تحریک استحقاق کو منظور فرما کر کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ متعلقہ EXEN کے خلاف کارروائی کی جاسکے۔

Mr. Chairman: Minister for Water and Power.

Mr. Gohar Ayub Khan: Sir. not opposed. if it is not subjudice.

Mr. Chairman: Even if it is in a court of law, how can you prevent a member from performing his functions or how can you threaten him with action, if he asks a question or moves a resolution.

Mr. Gohar Ayub Khan: That is why sir, I am saying I do not oppose.

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب یہی تو آئینی تحفظ ہے' ایک آئینی تحفظ یا پریویلج ہے۔ سب سے بڑا یہ پریویلج ہے کہ ہم اس ایوان میں سوال پوچھ سکتے ہیں۔

حافظ فضل محمد ۔ میرے پاس نوٹس وغیرہ سب کچھ موجود ہے اور مجھے دھمکی دی ہے کہ ہم یہ کریں گے' وہ کریں گے۔ تم نے کیوں پوچھا ہے۔

چوہدری محمد انور بھنڈر ۔ جناب ریفر بھی کریں اور ٹائم بھی فکس کریں یہ نہ ہو کہ وہ پریویلج کمیٹی لے کر بیٹھ جائے' اسی سیشن میں اس کی رپورٹ بھی کرے۔

جناب چیئرمین۔ یہ کمیٹی کافی active ہے ۔ So, I think, it is a serious

matter and it is found to be in order. So, it is referred to the Privileges Committee. جی آپ فرمائیں حبیب جالب صاحب ۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب والا! میں نے ایک ایڈجرنمنٹ موشن موو کیا تھا ، جو کہ بہت اہم نوعیت کے مسئلہ پر ہے۔

جناب چیئرمین۔ وہ ایجنڈے پر آئے گا تو تب ہی take up ہو گا ۔اس وقت تو نہیں ہو سکتا۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ موو کیا ہے لیکن کل تو اس کی افادیت ختم ہو جائے گی۔

جناب چیئرمین۔ دیکھیں جالب صاحب ۔ آپ جانتے ہیں ۔ آپ کافی تجربہ کار ہیں کہ جب ایک چیز موو ہوتی ہے ، آفس میں examine ہوتی ہے ۔ اگر نہیں آتی تو you meet me in my chamber and tell me کہ یہ فلاں چیز نہیں آ رہی ہے ۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب والا! آفس میں ہم نے موو کیا ہے ۔

جناب چیئرمین ۔ جناب ! this is not a matter that you can take up on the floor of the House because if you feel that something is getting late you see me in my chamber. لیکن ایک چیز ایجنڈے پر نہیں ہے تو اس کو نہیں لایا جا سکتا۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب والا! بات یہ ہے کہ آپ کے دفتر میں ہم نے دی ہے ، اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم ہمیشہ آپ کے دفتر میں آپ سے ملاقات کرتے رہیں ۔

جناب چیئرمین۔ اگر آپ کے خیال کے مطابق آفس صحیح طریقے سے process نہیں کرتا تو آپ مجھے بتائیں ، میں آپ کے لئے حاضر ہوں ۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ تو میں آپ کو بتا رہا ہوں ۔

جناب چیئرمین ۔ جناب ! اس طرح نہیں ہوتا ۔ It is against the rule. Not in the House جی جناب مسعود کوثر صاحب۔

سیدمسعود کوثر۔ شکریہ جناب چیئرمین صاحب! میں پہلے تو جو جناب بھنڈر صاحب نے تجویز پیش کی ہے اس کی تائید کرتا ہوں اور جو ایڈجرنمنٹ موشن کا سلسلہ ہے اگر اسے اسی طریقے سے چلایا جائے جس طرح کہ ہونا چاہیئے۔

جناب چیئرمین۔ جناب مسعود کوثر صاحب I just want to clarify. کہ جب یہ پوائنٹس آف آرڈر کا طریقہ ہے تو adjournment motion is something which is taken up in very rare circumstances. چونکہ پوائنٹ آف آرڈر پر بات ہو جاتی ہے تو بجائے اس کے کہ ہاؤس میں آ کر اس کو discuss کیا جائے تو اس کا کوئی فائدہ نہیں۔ اس لئے اب یہ ہے کہ اگر واقعی کوئی genuine adjournment motion ہوا تو I can take it up some day because our agenda is not burdened with unnecessary adjournment motions.

سیدمسعود کوثر۔ جناب والا! میں اس لئے تمہید باندھ رہا تھا کہ میں جس ایشو کی طرف اشارہ کر رہا ہوں وہ بنیادی طور پر ایک انسانی مسئلہ ہے چھ سات دن پہلے بارشوں کی وجہ سے ایک المناک سانحہ پیش آیا ہے۔ اسلام آباد سے پشاور تک جی ٹی روڈ پر نوشہرہ اور شیدو کے درمیان ایک cause way ہے ' جہاں پر جب بارشیں ہوتی ہیں تو کافی سیلاب آ جاتا ہے۔ پہلے بھی اس جگہ پر کئی قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں اور ایک ہفتہ پہلے بھی اسی قسم کا آیا اور cause way پر اتنا پانی جمع ہو گیا اور کچھ لوگوں نے اسے کراس کرنے کی کوشش کی اور ایک ویگن، ایک گاڑی اور ایک سکوٹر بہہ گئے ' ان میں سے کوئی بھی زندہ نہیں بچ سکا۔ جناب والا! میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ باوجود اس کے کہ اس cause way کے ساتھ ابھی ایک پل بھی بن چکا ہے لیکن چونکہ بدقسمتی سے یہ فنڈز موٹروے پر divert کئے گئے ہیں اور یہ راستہ جو main dual carriage way ہے اس پر ہر روز ' ہر ہفتے میں تین ' چار شدید ایکسیڈنٹ ہوتے ہیں ' جس میں درجنوں لوگ مر جاتے ہیں۔ یہ بڑی بدقسمتی ہے کہ معصوم لوگ ' غریب لوگ جو بسوں میں سفر کرتے ہیں یا otherwise سفر کرتے ہیں وہ مرتے ہیں۔ اگر حکومت تھوڑی سی اس پر توجہ دے I would say کہ اس کو expedite کرے۔ پشاور سے اسلام آباد روڈ پر بہت آہستہ کام ہو رہا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ کم از کم وہاں پر عارضی بندوبست کیا جائے۔ جناب والا! پہلے انہوں نے باڑ لگائی ہوئی تھی۔ اگر کوئی غلطی سے گر بھی جائے تو وہاں پر پھنس جاتا تھا۔ تو میں آپ

کے توسط سے حکومت سے اور نیشنل ہائی وے سے particularly request کرنا چاہتا ہوں کہ ابھی بارشوں کا موسم ہے ۔ اب یہ واقعات ہوتے رہیں گے تو اگر اسے ایمرجنسی بنیادوں پر لے لیا جائے اور فی الحال کوئی عارضی بندوبست کیا جائے تو جو نقصان ہونے کا اندیشہ ہے وہ کم ہو سکے گا ۔ بہت شکریہ ۔ بڑی مہربانی ہو گی ۔

جناب چیئرمین۔ جی اس کو کون نوٹ کرے گا ۔

میاں رضا ربانی۔ جناب والا! آپ کیبنٹ کی حالت دیکھ لیں ۔

جناب چیئرمین۔ نہیں کیبنٹ تو خاصی موجود ہے ۔

میاں رضا ربانی ۔ جناب والا! کوئی نوٹ کرنے کو تیار نہیں ہے ۔

جناب چیئرمین۔ میرا خیال ہے کہ جناب وٹو صاحب ہی نوٹ کریں گے ۔ جناب وٹو صاحب! یہ آپ نوٹ کر لیں ۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ جناب والا! عالی صاحب تشریف لے آئے تھے ۔ دوبارہ repeat کر دیں تو مہربانی ہو گی ۔

جناب چیئرمین ۔ جب عالی ہوں گے تو مشاعرہ تو بنے گا جناب! مختصراً دوبارہ repeat کر دیں۔

سید مسعود کوثر۔ جناب والا! میں دوبارہ وٹو صاحب کی خدمت میں مختصراً عرض کرنا چاہتا ہوں کہ نوشہرہ اور شیدو کے درمیان main جی ٹی روڈ پر ' یہ دونوں بڑی مشہور جگہیں ہیں ' ان کے درمیان ایک cause way ہے جہاں پر اکثر جب بارشیں ہوتی ہیں تو بارشوں کے پانی سے بڑے زور کا سیلاب آ جاتا ہے ۔ جناب والا! میرا کہنے کا مطلب یہ ہے کہ یہاں پہلے بھی کافی casualties ہوئی ہیں۔ ابھی recently ہفتہ دس دن پہلے ایک ویگن ' ایک سوزوکی کار اور ایک سکوٹر بمعہ سواریوں کے بالکل ضائع ہو گئے ہیں۔ وہ بیچارے لاہور سے سوات جا رہے تھے چھٹیاں منانے کے لئے ' وہ چار کے چار ساتھی فوت ہو گئے ۔ جناب اسی طرح آئے دن حادثات ہوتے رہتے ہیں۔ اس سڑک پر 80% کام ہو چکا ہے 20% کام رہتا ہے لیکن پچھلے ڈیڑھ سال سے' جب سے آپ کی حکومت آئی ہے آپ نے اس پر کام بند کیا ہوا ہے۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ نمبر ایک ۔ اس

سڑک پر دوبارہ کام شروع کیا جائے کیونکہ اسلام آباد پشاور کا وہی ایک راستہ ہے جس پر کہ لوگ آتے جاتے ہیں ۔ آپ اس کے figures دیکھ لیں ہفتے دو ہفتے میں کوئی نہ کوئی serious accident وہاں پر ہوتا ہے اس سڑک کے نامکمل ہونے کی وجہ سے۔

دوسری بات یہ ہے کہ جہاں پر یہ cause way ہے اس کے بارے میں نیشنل ہائی وے والوں کو کہیں کہ ذرا آپ مہربانی کر کے کم از کم کوئی ایسی arrangement for the time being کر لیں کہ یہ جو خطرہ ہے اس سے بچا جائے اور وہاں کی administration کو بھی کہیں کہ جب flood وغیرہ آ جاتا ہے تو سپاہی وغیرہ کھڑا کریں کہ وہ لوگوں کو advise کرے کہ اس وقت تک آپ cross نہ کریں جب تک کہ safe نہ ہو جائے ۔ اس طرح جو جانی نقصان ہوتا ہے اس سے بچت ہو جائے گی۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین۔ جی جناب حبیب جالب صاحب۔ میرا تو خیال تھا کہ پہلے دوسرا کام شروع کیا جائے اب یہ شروع ہو گیا ہے۔ آپ کے (رضا ربانی صاحب کی طرف اشارہ کر کے) اپنے ممبر نے اٹھایا ہے۔ I suppose, I thought that this is with your consensus.

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ راشدی صاحب کا point of order ہمیشہ اچھا ہی ہوتا ہے۔ جی جناب جالب صاحب۔

POINT OF ORDER

REGARDING THE CRUISE MISSILES ALLEGEDLY LANDED IN PAKISTAN.

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب چیئرمین! میں اس مقدس ایوان کی توجہ عالمی طور پر نہایت اہم اور سیکورٹی کے نقطہ نگاہ سے حساس ، ایٹمی تنصیبات کے حوالے سے انتہائی خطرناک مسئلہ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ امریکن کروز میزائل Tomahawk type جس پر US 93 Model لکھا ہوا ہے جو بلوچستان کے ساحل سے 120 میل دور بحری بیڑے سے داغا گیا تھا وہ بالکل اس range میں جا کر گرا ہے جس میں ہمارے وزیراعظم صاحب بڑے فخر سے یہ کہتے

ہیں کہ ہم نے ایٹمی دھماکے کیے ہیں - یہ جگہ شنگر نامی جو بیسماں ، تحصیل خاران میں ہے اور اس کا range بالکل وہی ہے جہاں ایٹمی تنصیبات ہیں یا جہاں راستوں میں دھماکے ہوئے ہیں وڈ ہے ، دوستین ایریا ہے - اس میں پہلی سب سے افسوس کی بات یہ ہے کہ اس کی اطلاع عوام نے دی ہے ، ہم تو بڑے فخر سے کہتے ہیں ، وزیر اعظم پاکستان نے بھی کہا کہ ہم نے دفاعی لحاظ سے پاکستان کو انتہائی مضبوط کر دیا ہے لیکن information کی حد تک ایک دفعہ وزیر خارجہ صاحب نے کہا اور چیف سیکریٹری سرحد کی جانب سے تھا کہ اس کے کچھ ٹکڑے صوبہ سرحد میں گرائے گئے - اس کو بھی بہت بڑی سزا دی گئی کہ **** تم کون ہوتے ہو اس قسم کی اطلاع فراہم کرنے والے- دوسری طرف اس کی تردید بھی کی گئی اور وہ جو کروز میزائل کی violation ہوئی تھی کیونکہ وہ ایک دفعہ اوپر اٹھتا ہے اور اس کے بعد وہ ریڈار radar catch up سے نیچے flow کرتے ہوئے طیارہ کی طرح جاتا ہے لیکن وہ اپنے آپ کو بچاتا ہے-میں یہ کہتا ہوں کہ وہ سر کے اوپر سے گزرا ہے - جو میزائل سر کے اوپر سے گزرے تو وہ تو ویسے ہی ہماری territory کی violation ہوئی ہے- international principles کو دیکھتے ہوئے UNO کے Charter کو دیکھتے ہوئے ، State sovereignty and territorial integrity کو دیکھتے ہوئے وہ ویسے ہی violation ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ violation بھی ہوئی ہے اور اگر چند ٹکڑے پاکستان میں گرے تو اس کے لیے بھی ہم نے apologise کیا Pentagon سے اور یہ کہا کہ جناب ہم سے بڑی غلطی ہوئی ہم اپنے بندے کو سزا بھی دیتے ہیں-لیکن جناب یہ کروز میزائل جو unexploded ہے اور جو سات اور بارہ فٹ کے crater کے حوالے سے اب بھی موجود ہے اس کی اطلاع عوام نے دی ہے- ابھی تک وزارت خارجہ کی جانب سے ---میں اخبارات اٹھا کر دیکھ رہا ہوں، کچھ اخبارات نے اس کو زینت بھی بنایا ہے لیکن وزارت خارجہ کی جانب سے کوئی خبر نہیں ہے-

جناب چیئرمین- یہ تو ملک کے اندر آیا ہے اس سے تو خارجہ کا تعلق نہیں ہے یہ تو داخلہ کا تعلق لگتا ہے-

جناب حبیب جالب بلوچ- آپ صحیح کہتے ہیں Interior Minister صاحب کا یہ سب سے زیادہ ہے، کیونکہ کل جو امریکہ کے حمایت میں سب کچھ کر رہے تھے ، آج امریکہ نے انہی

---

*(***** words expunged by order of the Chairman)*

کے خلاف کارروائی شروع کر دی ہے یہ جو ہماری ایٹمی تنصیبات ہیں ، اگر یہ ان راستوں پر گرتا جہاں ایٹمی دھماکہ ہوا ہے تو وہ ایٹمی فضلہ جیسے دبا دیا گیا ہے ، جیسے سیل کیا گیا ہے اور دوسو سال بعد بھی اگر leakage ہو جاتی ہے تو اس کی radiation پانچ سو کلو میٹر تک پھیل جاتی ہے ۔ پہلے تو بات یہ ہے کہ انہوں نے دورہ کیا کہ کوئی radiation نہیں ہوئی ہے لیکن دوسری طرف کوئی recycling plant ایٹمی فضلات کے ٹھکانے لگانے کے لئے نہیں لگایا گیا ہے۔ یہ اتنے کروڑوں ڈالر خرچ کرتے ہیں مختلف مسئلوں پر لیکن بلوچستان کو funds اور دیگر حوالے سے ویسے ہی نظر انداز کیا جاتاہے۔ کم از کم وہ اپنے کئے دھرے یعنی ایٹمی فضلات کو ٹھکانے لگانے کے لئے recycling plant لگا دو ورنہ جن کے لئے front line state بنایا گیا تھا پاکستان ، آج یہ دھیما front line state لگتا ہے اس کی کیوں مذمت نہیں کی جا رہی بلکہ apologise کیا جا رہا ہے ۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ مختلف organs کے درمیان کسی قسم کا ربط نہیں اور نہ ہی information کا بہترین network موجود ہے۔ اس طرح سے اندازہ ہوتا ہے کہ پاکستان اپنے اصولی موقف پر زور نہیں دینا چاہتا۔ یا پھر "Pentagon" کے دباؤ میں آ کر تنصیبات کے نزدیک گرے ہوئے میزائل کو تنکا سمجھ کر بھولنا چاہتا ہے۔ اس سے پورے ملک بالخصوص بلوچستان کے عوام کو زبردست تشویش کا سامنا ہے۔ ہماری بلوچستان اسمبلی نے قراردیں دیں۔ مختلف پارلیمنٹ کے اراکین یا پارٹی کے لیڈروں نے شروع سے یہ کہا ہے کہ جناب یہ کیمپ جو آپ نے افغان مہاجرین کے لئے قائم کیا ہے یہاں سے ان کے انخلاء کو یقینی بنائیں، یہاں اڈے نہیں ہونے چاہئیں۔

جناب چیئرمین۔ آپ کبھی اڈے کی بات کر رہے ہیں اور کبھی فضلے کی بات کر رہے ہیں point of order ہوتا ہے، کہ کوئی پوائنٹ فوری نوعیت کا ہے اور اس پر آپ کوئی گورنمنٹ کی explanation چاہتے ہیں، آپ تو کبھی کچھ بات کرتے ہیں کبھی کچھ۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ یہ ساری باتیں ایک دوسرے سے متعلق ہیں۔ اگر اڈے ہیں تو میزائل بھی آئیں گے اور اگر میزائل آئیں گے تو آپ اس کی مخالفت نہیں کریں گے۔ لہذا میں یہ چاہتا ہوں کہ پالیسی کی وضاحت کی جائے ۔ جناب وزیر خارجہ صاحب بھی موجود ہیں اور وزیر داخلہ صاحب بھی موجود ہیں۔

جناب چیئرمین- کس پالیسی کی وضاحت کریں یہی تو ہمیں سمجھ نہیں آرہی-

جناب حبیب جالب بلوچ- یہی کہ جناب چند ٹکڑے سرحد میں گرے تھے اس پر انہوں نے apologise کیا کہ پاکستان کی territory کی کوئی خلاف ورزی نہیں ہوئی ہے- اب تو اتنی بڑی خلاف ورزی ہے کہ ان کا بھیجا ہوا بچہ یہاں پاکستان میں موجود ہے جس پر US 93 لکھا ہوا ہے اور وہ کروزمیزائل 19 فٹ لمبا ہے ' un-exploded ہے اور پورے ایریا کو گھیر لیا گیا ہے' لوگوں کو پرے رکھا جا رہا ہے - اس کو Civil Defence اپنے قبضے میں لے رہا ہے- اس پر میں ان کی پالیسی چاہتا ہوں کہ حکومت پاکستان کی اس پر پالیسی کیا ہے- ایک طرف apologise کرتے ہیں اور دوسری طرف کچھ بھی نہیں بولتے-

جناب چیئرمین- دیکھیں ناں کہ point of order کو debate نہ بنایا کریں' انہوں نے ایک issue raise کر دیا ہے یہ کوئی debate تو نہیں ہے- let the Minister reply - رضا صاحب اسی طرح یہ ہوتا ہے کہ ہر ایک چیز debate بن جاتی ہے- ایک point of order انہوں نے raise کر دیا ہے-

میاں رضا ربانی- جناب آپ کی بات بالکل درست ہے جب normal circumstances ہوں' یہاں پر تو خطرہ یہ ہے اور میں اس لئے اتنی عجلت کر رہا ہوں کہ کیونکہ کہیں وزیر خارجہ صاحب اپنے وجود سے انکار نہ کردیں کیونکہ فارن آفس ہر دو منٹ کے بعد ایک denial issue کر رہا ہے he may turn around tomorrow and say I am not present in the House. So, my point is simply this that these three or four points of order are all inter-related to Afghan's question.

Mr. Chairman: Please I think we should show some restraint, کہ بھئی ایک بات raise کر دی گئی ہے' انہوں نے بات کر دی ہے' منسٹر جواب دے دے- we go to the next item. اس طرح یہ ہو رہا ہے کہ بھنڈر صاحب بھی بار بار اعتراض کر رہے ہیں اور صحیح کر رہے ہیں- I know there are lot of temptations کہ جی ہم بھی بات کریں لیکن ایک مسئلہ یہ ہے---

Mian Raza Rabbani: Sir,if any one of us is irrelevant.

Mr. Chairman: No, no, it is not irrelevent. The point has been raised. I will ask the Minister to make a reply and you raise something different.

Mian Raza Rabbani: Sir, since the issues are inter-connected...

جناب چیئرمین: آپ مجھے بتائیں if you were sitting here what would you do?

Mian Raza Rabbani: Sir, under the normal circumstances I would do what you are doing. But in these special circumstances........

جناب چیئرمین: میرے لئے تو ہر دن special ہوتا ہے۔ جس طرح آج special ہو گیا ہے۔

Mian Raza Rabbani: Sir, you certainly agree that the situation prevailing internationally today........

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب آپ پہلے ان کو بات کر لینے دیں۔ نہیں ، اگر یہ بات کرنا چاہتے ہیں تو آپ پھر ان کے سوالوں کا جواب دے دیں۔

جناب سرتاج عزیز: میں ایک بات عرض کروں کہ Friday کو یہ فیصلہ ہوا تھا کہ اس دن جو debate ہوئی تھی وہ complete نہیں ہوئی تھی اور آج Private Member's Day ہے ۔ Tuesday کو اس موضوع پر Foreign Policy کے حوالے سے further detailed discussion ہو گی۔ تو کل کا دن اس مقصد کے لئے متعین ہو چکا ہے۔ آج یہ جو بات کر رہے ہیں اس پر میرا جواب سن لیں اور پھر کل کی debate میں مزید کوئی بات کرنا ہو تو کر لیں۔

Mr. Chairman: Is that O.K.?

اس طرح کرتے ہیں کیونکہ منسٹر صاحب تیار ہیں ۔ Let them say what they want to say and you make a reply at the end.

Mr. Sartaj Aziz: Let me clarify the position then they can ask.

جناب چیئرمین: نہیں، آپ آخر پر clarify کریں کیونکہ آپ کے بیان کے بعدکوئی

نہ کوئی بات پھر شروع ہو جائیگی ۔ Why don't you just wait, listen to them and make a final statement.

جناب سرتاج عزیز: جناب ان کا بنیادی نقطہ یہ ہے کہ فارن آفس نے ابھی تک کوئی بیان نہیں دیا۔

Mr. Chairman: Don't come out with the statement.

(Interruption)

میاں رضا ربانی : جناب فارن آفس کے بیان کو چھوڑیں ۔ فارن آفس اپنے بیان سے retract کر رہا ہے۔ Friday کو جب بات ہوئی تھی تو this was not the situation Foreign Office issues a statement at 5 O'clock and then at night it retracts its statement. The Prime Minister of Pakistan makes a statement to the President of the United States and then he retracts that statement. What is the Foreign Minister talking about?

Mr. Chairman: After your statement we will close the matter.

Mian Raza Rabbani: Sir, how can the matter be closed? Every day he is coming up with one "Tohfa" after another.

Mr. Chairman: Raza Sahib please, this is not an occasion for this kind of debate. We are only dealing with the points of order.

(Interruption)

Mian Raza Rabbani: Sir, what is this House here for?

Mr. Chairman: This House is here to be run according to the rules.

(Interruption)

میاں رضا ربانی: جناب اس سے زیادہ serious situation اور کیا ہو گی کہ پرائم منسٹر امریکی صدر کو کہتے ہیں کہ جی پاکستانی مارے گئے ہیں امریکی بمباری سے۔ میزائل آ کر

پاکستان کی territory میں گرا ہے۔ فارن آفس امریکی کونسل جنرل کو بلا کے احتجاج کرتے ہیں۔

(مداخلت)

میاں رضا ربانی: اور پھر پرائم منسٹر کی فون کال کے بعد فارن آفس اپنی statement کو retract کر لیتا ہے اور پھر دو افسروں کو O.S.D بنا دیا جاتا ہے۔ اور وہ دونوں آفیسرز پریس میں جا کر کہتے ہیں کہ ہمیں قربانی کا بکرا بنایا جا رہا ہے۔

Mr. Chairman: Raza Sahib, when the Chairman is speaking you are supposed to listen to him. What you are saying is a different point what he has raised.

Mian Raza Rabbani: Basically the same question.

Mr. Chairman: No, no, it is not same

انہوں نے بات کی ہے about Cruise Missile which is unexploded, which has been found in Balochistan آپ بات کر رہے ہے کہ جی فارن آفس retract کر رہا ہے۔ These are two different things.

(مداخلت)

Mr. Chairman: Let me examine each point of order on its merit

اب انہوں نے جو بات کی ہے it has nothing to do with what you are saying. انہوں نے جو بات کی ہے وہ یہ ہے کہ جی بلوچستان میں ایک unexploded missile ہے ۔ آپ جو بات کہہ رہے ہیں وہ کچھ اور ہے۔ It is different thing. آپ انتظار کریں ایک بات ختم ہو جائے پھر آپ raise کریں ۔ ان سے پوچھ لیں گے اگر کوئی بات ہو گی تو۔ جی ایک منٹ ، عالی صاحب ہمیشہ اچھی بات ہی کرتے ہیں۔ جی عالی صاحب فرمائیے۔

ڈاکٹر جمیل الدین عالی : جناب والا آپ نے فرمایا تھا کہ وزیر خارجہ اپنی بات بیان کریں گے اور بات ختم ہو جائے گی ۔ تو جناب مجھ جیسا lesser ممبر بھی آپ کے سامنے ، منٹ صاحب ---

جناب چیئرمین: بات وہی ہو گی ناں کہ کیا ہر point of order پر ہر کوئی بات کرے گا۔ Is that you want

ڈاکٹر جمیل الدین عالی: ہم تو جناب کا حکم مانتے ہیں لیکن آپ نے فرمایا کہ۔۔

جناب چیئرمین: نہیں مجھے بتائیں ناں کہ

you see you are all responsible for proper running of the House. I am not alone responsible because I can not do it unless I have your cooperation. You are all responsible.

ڈاکٹر جمیل الدین عالی: اگر آپ allow کریں۔ رضا صاحب، آپ ذرا بیٹھ جائیں۔

جناب چیئرمین: Let me talk to Aali Sahib ۔ دیکھیں ناں، عالی صاحب بول رہے ہیں اور رضا صاحب بیچ میں بول پڑے ہیں ۔ وہ مجھ سے بات کر رہے ہیں آپ بیچ میں interfere کر رہے ہیں۔

ڈاکٹر جمیل الدین عالی: میں جناب آپ کی بات کر رہا تھا۔ آپ نے فرمایا کہ وزیر خارجہ صرف ان حضرات کی بات سن لیں گے اور جواب دے دیں گے اور بات ختم ہو جائے گی۔ جناب کیا صرف انہی حضرات کا اس معاملے پہ۔۔۔

جناب چیئرمین: تو آپ کیا چاہتے ہیں کہ ہر چیز پر ہر ایک بات کرے، یا پھر۔۔۔

ڈاکٹر جمیل الدین عالی: نہیں، ہر چیز پر نہیں لیکن جناب والا! ہر چیز پر ہر ایک بول رہا ہے تو مجھے اور مٹھ صاحب کو بھی حق حاصل ہے، ہمیں بھی وقت ملنا چاہیئے۔ ورنہ ہم تو آپ کی اس بات کے تابع ہیں کہ جتنا آپ پوائنٹ آف آرڈر allow کریں اس حد تک ہو، دوسرے لوگ کھڑے نہ ہوں، اپنی آوازیں بلند کر کے آپ کے سامنے بات نہ کریں، آپ کے ضوابط اور آپ کی مرضی اور آپ کی صوابدید کا خیال رکھا جائے۔۔۔

جناب چیئرمین: لیکن دیکھیں ناں، آخر یہ طریقہ ہائے کار بنے ہوئے ہیں یہ صرف اور صرف ہاؤس کی خاطر بنے ہوئے ہیں، یہ کسی کی ذات کی خاطر تو نہیں بنے ہیں۔ تو اس کو کس طریقے سے orderly چلایا جائے، آپ مجھے بتائیں کہ کیا کیا جائے؟

ڈاکٹر جمیل الدین عالی : میں تو آپ سے صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو آپ نے ضوابط بنا رکھے ہیں انہی کے مطابق چلیں، لیکن ان میں یہ بھی ہے کہ اگر آپ نے کہا کہ صرف دو تین آدمی بولیں گے تو پھر فارن منسٹر جواب دیں تو جناب والا! میں اور مٹہ صاحب کہاں جائیں گے۔

جناب چیئرمین : جی مٹہ صاحب بتائیں اس situation میں ہم کیا کریں' how do we handle things like this.

جناب بشیر احمد مٹہ: جناب والا! اس ایشو پر انہوں نے ایک فیصلہ کیا کہ اس پر ایک full-fledged debate کریں گے کیونکہ واقعات تو آپ کو پتہ ہے they are very grave matters and grave incidents and at a very fast speed things are happening and really we are taken aback by all.

جناب چیئرمین : نہیں اگر debate کرنی ہے تو مجھے تو کوئی اعتراض نہیں ہے۔ تو پھر debate کریں ناں۔

جناب بشیر احمد مٹہ: میں یہی کہتا ہوں ناں جی ' میں عرض کرتا ہوں کہ because the matter is so important that in the interest of the security of the country and in the interest of clearing the apprehensions of the nation we should immediately go into debate on this matter.

جناب چیئرمین: یعنی آج ہی۔

Mr. Bashir Ahmed Matta : Yes. Why not? Because.....

جناب چیئرمین : جی ٹھیک ہے ' that is your suggession ہر ایک کی اپنی تجویز ہوتی ہے۔ we will examine it ایک منٹ جی' ان کی بات سن لوں پھر آپ کی بات سنتا ہوں۔

جناب بشیر احمد مٹہ: جناب والا! ہاؤس کی sense لے لیں' اگر ہاؤس اس کے لئے تیار ہے تو we go straight because we are representative of the country. They are looking

toward us and the Minister happens to be here. Although he needs the little conditioning in the Foreign Office before he replies but since he is here, he will first listen, register, think over the matters and then he will give a considered reply. This is my submissions.

جناب چیئرمین: جی بھنڈر صاحب کچھ کہنا چاہ رہے ہیں۔

چوہدری محمد انور بھنڈر: جناب والا! یہ ایک عام طریقہ کار ہے ہاؤس کا کہ ایک بات طے ہوئی، منہ صاحب نے تجویز کی اور طے یہ ہوا کہ فارن پالیسی پر full-fledged بحث ہو گی اور تاریخ کا تعین لیڈر آف دی اپوزیشن اور لیڈر آف دی ہاؤس کر لیں گے۔ اس کے بعد یہ فیصلہ ہوا کہ آج Private Member's Day ہو گا، بے شک اس پر بحث پرسوں کر لیں ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن یہ fix کر لیں، یہ تو ان کے fix کرنے کی بات ہے کہ دونوں fix کر کے کر دیں۔ پھر اگر وہ فارن پالیسی پر بحث کرنا چاہتے ہیں اور آج ہی کرنا چاہتے ہیں اور آج ہی چاہتے ہیں کہ فارن منسٹر بھی تیار ہو، آج ہی ہم لوگ بھی تیار ہوں۔ میں تو اس کے لئے تیار نہیں ہوں جناب والا۔ مجھے کوئی نوٹس نہیں ہے اس بات کا کہ آج میں فارن پالیسی پر بات کروں۔ میں تو Private Member's Business کے لئے study کر کے آیا ہوں۔ تو اس لئے یہ ناانصافی ہو گی کہ آج ہی کوئی بات تجویز کی جائے، آج ہی اس پر بحث ہو، آج ایجنڈا کچھ اور ہو، بات کسی اور طرف چل پڑے اور خارجہ پالیسی پر بحث شروع ہو جائے۔ خارجہ پالیسی اتنی آسان بات ہے کہ اس پر ہم ابھی تجویز کریں اور ابھی ہی ہم اس پر بحث کرنا شروع کر دیں اور ابھی ہی ہم فارن آفس سے جواب بھی expect کریں۔

جناب والا! میں نہایت مودبانہ عرض کروں گا کہ دونوں طے کر لیں، بے شک کل کر لیں، پرسوں کر لیں لیکن اس میں ایک باقاعدہ ایجنڈے پر چیز آئے، نوٹس ایشو ہوں کہ ہم نے فارن پالیسی پر بات کرنی ہے، اس کے لئے ہم تیار ہو کر آئیں گے، اس پر بحث کریں گے اور آج جس کام کے لئے ایجنڈا تیار کیا ہے اس پر بحث کی جائے۔ ایجنڈے یونہی ایشو نہیں کر دیے جاتے، آج ایجنڈا تبدیل کر دیا جائے، آج ایک پوائنٹ آف آرڈر raise ہوا ہے، اسی پر بحث شروع کر دی جائے، ایجنڈے کو بالائے طاق رکھ دیا جائے۔ ایجنڈا بڑا rarely and

exceptionally over -ride ہوتا ہے۔ تو جناب اگر حالات نہیں تو full-fledged بحث کے لئے کل کر لیں۔

جناب چیئرمین: جی جناب وٹو صاحب۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جناب والا! میں یہی عرض کرنا چاہتا تھا کہ پچھلے دنوں جو بحث ہو رہی تھی وہ پوائنٹ آف آرڈر پر بحث ہوتی رہی ہے۔ اب جب کل کے لئے ایجنڈا تیار کرنا تھا کہ ہم further discussion on points of order رکھیں جو کہ legally permissible نہیں ہے کہ discussion on points of order فلاں پر جاری رہے گا۔ تو اس وقت بھی تجویز یہ کیا گیا ہے، اگر کل ہم نے فارن پالیسی کو discuss کرنا ہے تو کل اس کو رکھ لیں اور اس کو ایجنڈے پر رکھ لیں۔ Discussion on the Foreign Policy اب اس صورت میں کریں گے تو ہمارے پاس تو وہی ایجنڈا ہے President's address کا، ہم لکھیں گے اور پھر پہلے بیس منٹ اس بات پر لگائے جائیں گے کہ دیکھئیے جی کہ وزیر نے ایجنڈے پر Presidential address رکھ دیا ہے اور ہماری discussion تو دوسری ہونی ہے جو point of order پر discussion ہے یعنی ہم اپنی جگہ پر ایک اچھا کام کر رہے ہیں لیکن ہم rules کو follow نہیں کر رہے۔ مناسب یہ ہو گا کہ کل بجائے points of order پہ discussion جاری رہے، سارا دن فارن پالیسی پہ بحث کریں، ہم فارن پالیسی کو من حیث ا لپالیسی ہی زیر بحث لے آئیں اور فارن منسٹر صاحب پھر ساری بحث سننے کے بعد اس کا جواب دے دیں۔

جناب چیئرمین۔ اچھا۔ جی جناب رضا ربانی صاحب۔ ایک منٹ رضا ربانی صاحب، باری باری بات کریں ۔ ابھی میں نے رضا ربانی کو کہا ہے، دو آدمی تو نہیں بول سکتے۔ ان کے بعد آپ کو موقع دے دوں گا۔

میاں رضا ربانی۔ جناب چیئرمین صاحب! پہلے تو مجھے تھوڑی سی حیرت بھنڈر صاحب پہ بھی اور honourable Minister صاحب پہ بھی ہو رہی ہے کہ ان کو اتنا عجیب مسئلہ لگ رہا ہے کہ points of order پر بحث ہو رہی ہے۔

جناب چیئرمین۔ نہیں بحث ہوتی ہے لیکن general debate نہیں ہوتی۔

میاں رضا ربانی۔ جناب اگر آپ اجازت دیں تو-------

جناب چیئرمین۔ جی جی فرمائیں۔

میاں رضا ربانی۔ اگر وٹو صاحب نیشنل اسمبلی کا ریکارڈ نکال لیں اور بھنڈر صاحب بھی سینٹ کاریکارڈ نکال لیں ۔ آپ بھی اپنی memory کو refresh کرلیں تو جب یہ اپوزیشن میں بیٹھتے تھے تو ایک دن بلکہ پورا سیشن آپ کو صرف point of order کے علاوہ verbatim کے اندر کچھ نہیں ملے گا۔نہ آپ نے اس وقت exception لی ۔

Mr.. Chairman: No, no I have always been saying consistently.

Mian Raza Rabbani: Sir, it is a matter of record.

Mr. Chairman: Let us see.

Mian Raza Rabbani: I don't want to enter into that argument. It is a matter of record.

Mr. Chairman: I have been persistently saying this, please see that point of order is not a matter of debate.

Mian Raza Rabbani: Sir, it has been going on but you never stopped it and never minded it and your standards are changing but never mind sir. Sir, coming down to this fact that I agree that on Friday it was decided that the debate will be held on Tuesday on the Foreign Policy because the event that had taken place on the night of Thursday and Friday had been discussed on Friday morning and the House was satisfied to that extent. We were not expecting such a rapid development of events over the week end.

Now today, the situation is totally different. Today, the situation is that the Government issued a statement on a very serious issue after the House was adjourned and in that the Foreign Office categorically stated, Tariq Altaf the Foreign Office Spokesman, categorically stated.......

(Interruption)

Mr. Chairman: Do you want the debate tomorrow?

Mian Raza Rabbani: Sir, I am just coming to it. Sir, if you just hear me, the point is this that today quantitatively the situation is different. So, either we suspend the rules and we start the debate today because the issues involved today are far more graver than what they were on Friday. You have here the Prime Minsiter telling the President of the United States of America that a missile has fallen in Pakistani territory. Five to six Pakistanis have been killed and so on. I am just saying. So, it is totally a different situation. Let the business be suspended. This is one thing we can do or let four or five Senators raise their concerns on this issue on points of order. Let the honourable Foreign Minister make a reply and then we can go back to the agenda. But to put everything under the carpet totally, it is not possible today.

جناب چیئرمین ۔ Thank you ۔ جی جناب ڈاکٹر حئی صاحب آپ کی کیا تجویز ہے۔ اس وقت دو issues ہیں، ایک ہے جی کہ آج ہو جائے، ایک ہے کل ہو جائے، ایک ہے جی پرسوں ہو جائے ۔ دیکھیں اس پر مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، نہ آپ کو ہے کہ معاملہ اہم ہے ۔اس پر بحث ہو نی چاہئیے۔ سوال طریقہ کار کا ہے۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ ۔ جناب میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ جہاں تک full debate کا تعلق ہے اس کے لئے تو ایک دن چاہئیے۔ جو ان تمام مسائل پرہو جو ہماری خارجہ پالیسی کے ہیں اور افغانستان میں جو کچھ ہو رہا ہے جس سے ہم عملاً متاثر ہو رہے ہیں۔ ہم ان تمام مسئلوں پر full debate چاہتے ہیں، ایک پورا دن۔

جناب چیئرمین ۔ اگر debate کرنا ہے تو اس وقت اس پر بات کرنے کی کیا ضرورت ہے۔بات وہی ہو گی کہ debate بھی ہونی ہے اور آپ نے بات بھی کرنی ہے۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ: میں آپ سے عرض کروں کہ ہم بحث کرنے نہیں جارہے

ہیں۔ خارجہ پالیسی پر بحث اپنی جگہ الگ ہونی چاہئے۔ Full day debate ہو۔ ایک دن ہو اس کے لئے، میں رضا ربانی کی اس تجویز سے اتفاق کرتا ہوں۔ مطلب یہ کہ جالب صاحب نے ایک بات کی لیکن ان کی بات مکمل نہیں ہوئی۔ اب جیسے وزیر خارجہ صاحب جواب دے رہے تھے تو ہم اس میں اسی سے مطلق باتیں، کسی اور مسئلہ کو نہیں اٹھاتے ہیں۔ ہم کیوں ان کو عرض کرنا چاہتے ہیں، یہ ہماری بات نہیں بلکہ پورے پاکستان کے چودہ کروڑ عوام یہ سمجھنا چاہتے ہیں ۔ جیسے رضا ربانی نے کہا؛ جیسے حافظ صاحب کچھ کہنا چاہیں گے تو یہ تین چار باتیں ہماری سن لیں ۔

جناب چیئرمین : ڈاکٹر صاحب اس میں بات یہ ہوتی ہے کہ House کا وقت قیمتی ہوتا ہے۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ : جناب debate میں نہیں جارہے ہیں۔ وزیر خارجہ صاحب بیان دینا چاہتے ہیں ناں اس کے بارے میں ۔ آپ مجھے سنیں---

